بتوفیق الٰہی ولوائے

# مکالمات کریمی

قرآنی، تاریخی، دینی، واقعات، اسلامی سوالات کے جوابات پر ایک نادر سرمایہ


مؤلف

مولانا عبد الکریم صاحب قاسمی



مکتبہ کریمیہ دیوبند

09358391907



Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بَلِّغُوا عَنِّی وَلو آیَة

# مکالمات کریمی

جس میں

دین کی باتیں جو تمہیں معلوم ہوں دوسروں تک پہنچاؤ

بہت عجیب اس میں اسلامی سوال اور جواب ہیں

امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حاضر یہ کتاب ہے

قرآنی، تاریخی، دینی، واقعات، اسلامی سوالات کے جوابات پر ایک نادر سرمایہ ہے۔

مؤلف

مولانا عبدالکریم صاحب قاسمی انبہٹوی

MAKTABA KARIMIA

Mohalla Choti Khanqah

Deoband 247554

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابت وتصحیح کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# تفصیلات

نام کتاب : مکالمات کریمی

مولف : مولانا عبدالکریم قاسمی انبہٹوی

تعداد صفحات: ۴۸/اڑتالیس

طبع اول : جنوری

تعداد اشاعت: گیارہ سو ۱۱۰۰

قیمت : روپے

ناشر :

مکتبہ کریمیہ، محلہ چھوٹی خانقاہ دیوبند

## ملنے کے پتے

☆ مکتبہ ملت دیوبند ☆ کتب خانہ حسینیہ، دیوبند

☆ دارالاشاعت، دیوبند ☆ زم زم بک ڈپو دیوبند

☆ دارالکتاب، دیوبند ☆ کتب خانہ نعیمیہ دیوبند

اس کے علاوہ دیوبند کے ہر کتب خانہ پر دستیاب ہے۔

Scanned by CamScanner

# عرض مولف

تو بھلا کر علم دین کو خود کو یہ سمجھا شیر ہے
اس لئے بس آج مسلم تیری حالت زیر ہے

آج جبکہ الحاد و بے دینی کا سیلاب تمام دنیائے انسانیت کو غرق آب کر دینا چاہتا ہے، آج جبکہ مسلم بچوں کی زباں پر فلمی نغمے اور فلمی کہانی پروان چڑھ چکی ہے، آج جبکہ نوجوانان مسلم کے ہاتھوں میں فلمی کتابیں لغویات ناول ہر طرف نظر آتے ہیں، ایسے پرفتن اور بھیانک دور میں جبکہ مسلم گھرانوں سے علم دین کا جنازہ نکل رہا ہے جن مبارک ہاتھوں میں قرآن کریم کے مقدس حصے ہونے چاہیئے تھے جس مبارک زبان پر تلاوت کلام پاک یا حدیث نبوی ہونی چاہیئے تھی آہ۔ آج ان ہاتھوں میں ننگی تصاویر فلمی کتابیں دیکھنے کو ملتی ہیں جس زبان پر اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہونا چاہیئے تھا افسوس اس زبان پر فلمی گانے اور فلمی کہانی سننے کو ملتی ہیں آج جبکہ در و دیوار سے گانے بجانے کی آوازیں گونجتی ہیں جنہیں دیکھ کر اور سن کر افسوس ہی نہیں بے انتہا دکھ ہوتا ہے، اس دکھ درد کو دل میں لئے ہوئے ایک عرصہ سے متفکر تھا اور دل کی خواہش تھی کہ ایک کتاب ایسی لکھوں جس سے مذہب اسلام اور علم دین کو فروغ ملے، اور امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر فرد اپنے علم دین سے واقف ہو جائے الحمد اللہ بڑی لگن اور محنت شاقہ سے یہ کتاب جس میں دینی معلومات کا ایک ذخیرۂ عظیم مستند کتابوں سے فراہم کر کے مرتب کیا ہے، اللہ کی ذات و رحمت سے امید ہیکہ یہ کتاب

Scanned by CamScanner

طلبائے علم دین کے لئے مشعل راہ اور عام مسلمانوں کیلئے ایک قیمتی تحفہ ثابت ہوگی، بارگاہ ایزدی میں میں دعاء گوہوں کہ اللہ تعالی اپنے فضل وکرم سے اوراپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل سے ناچیز کی اس بھرپور کوشش کو قبول فرمائیں، اورمولف کیلئے ذریعہ نجات اورامت مسلمہ کیلئے رجحان دین کا ذریعہ بنائے۔ آمین، یارب العالمین

محتاج دعاء:۔ عبدالکریم قاسمی انبہٹوی

مقیم حال امام مسجد عمر دیدہ ہیڑی پوسٹ روہانہ کلاں ضلع مظفرنگر

# حرف آغاز

## حضرت مولانا مفتی محمد عمران صاحب دامت برکاتہم

استاذ حدیث وتفسیر وقف دارالعلوم دیوبند

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم ..... امابعد

آج جبکہ کفروالحاد بے دینی اورگمراہی کے بادل چاروں طرف سے امنڈ رہے ہیں جنگی گھٹاٹوپ اندھیریاں نوراسلام کو مضمحل کرنے کے درپہ ہوکر چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہیں کہیں یہودیت کے روپ میں بے دینی وگمراہی چلی آرہی ہے تو کہیں نصرانیت وعیسائیت کے ڈھانچہ میں نظر آرہی ہے کہیں سامراجیت کے بھیس میں سامنے آرہی ہے تو کہیں مغربیت کی صورت میں غرضیکہ اسلام کو مٹانے کیلئے چاروں طرف سے مکمل جدوجہد جاری وساری ہے، ایسے ماحول میں اسلام وایمان کی شمع کو روشن کرنا اورروشن رکھنا اورتیز وتند بادمخالف کے تھپیڑوں سے اسکی پوری حفاظت کرنا ہرمسلمان کے ذمہ ضروری ہوجاتا ہے انہیں حالت سے ہوشیار کرنے

Scanned by CamScanner

اور دور رکھنے کیلئے مسلمان و مسلم نسلوں کیلئے ایسے مواد اور سرمایہ کی ضرورت ہے جس سے ہماری نسلیں باخبر ہو کر اور جس سرمایہ کو ہماری نسلیں فراہم کرنے کے بعد ان تمام بددینوں اور گمراہیوں کا مقابلہ کر سکیں اور اپنی اور اپنے متعلقین کی مکمل حفاظت کر سکیں، اس درد اور خلش اور چبھن کو عزیزم عبدالکریم صاحب نے محسوس کیا اور انکی غیور طبیعت نے انکو مجبور کیا کہ قرآنی، تاریخی، اسلامی، اور علمی معلومات ہر مسلم بچے کو دوران تعلیم اتنی مقدار میں ہو جانی چاہیئے کہ وہ حالات کا مقابلہ کر سکے اس مقصد کی تکمیل کیلئے عزیزم موصوف نے علمی مکالمات کی ایک طویل مگر بیحد مفید کتاب تصنیف کی ہے کہ طالب علم ابتدائی دور تعلیم میں ہی قرآنی اور دینی، تاریخی معلومات اور علمی سوالات کے جوابات میں ماہر بن جاتا ہے اور اس قدر جرأت و ہمت اور توانائی کی استعداد اسکے اندر پیدا ہو جاتی ہے کہ ایک اچھا خاصا عالم دین معلوم ہونے لگتا ہے اللہ تعالیٰ موصوف کی ان انتھک مساعی کو شرف قبولیت سے نوازے اور دنیائے اسلام کیلئے گمراہی و بددینی سے بچنے کا ذریعہ بنائے اور موصوف کے نامہ اعمال کو اجر و ثواب سے بھرپور فرمائے۔

ایں دعا، از من و از جملہ جہاں۔ آمین باد

احقر محمد عمران عفی عنہ

خادم التدریس دار الافتاوقف دار العلوم دیوبند

## شعر

بے خودی کا یہ عالم ہے کہ خدا یاد نہیں
سامنے گھر کے ہے مسجد مگر آباد نہیں

..........................

میری عمر اتنی دراز ہے میری زندگی کا یہ راز ہے
پیدا ہوا تو سنی اذاں جو مرا تو وقت نماز ہے

Scanned by CamScanner

# قرآنی معلومات

س:۔السلام علیکم بھائی جان کیا حال ہے؟

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بھائی صاحب اللہ کا فضل وکرم اور اسکا احسان ہے

س:۔بھائی جان آپکی تعریف؟

ج:۔بھائی جان خاکسار کو عبداللہ کہتے ہیں

س:۔بھائی جان آپ کا دولت خانہ یا آپکا گاؤں؟

ج:۔میرا غریب خانہ مکہ معظمہ ہے

س:۔آپ کیا کرتے ہیں؟

ج:۔بھائی اپنے اسی مدرسے میں تعلیم حاصل کرتا ہوں

س:۔اچھا تو جیسا کہ آپ تعلیم حاصل کرتے ہیں میرے چند سوالوں کا جواب دیں؟

ج:۔بھائی آپ معلوم کریں انشاءاللہ جو اللہ کے کرم سے اور استاذ کی محنت سے مجھے ملا ہے ضرور بتلانے کی کوشش کروں گا

س:۔آپ قرآن کریم کو پڑھتے ہیں؟

ج:۔قرآن کریم کو تو ہر مسلمان کا بچہ بچہ پڑھتا ہے

س:۔اچھا بھائی بتلاؤ کہ قرآن کریم میں کل کتنے پارے ہیں؟

ج:۔بھائی پورے قرآن میں کل تیس (۳۰) پارے ہیں

س:۔اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج:۔پورے قرآن میں ایک سو چودہ (۱۱۴) سورتیں ہیں

Scanned by CamScanner

س:۔ اچھا یہ بتلاؤ کہ پورے قرآن میں رکوع کتنے ہیں؟
ج:۔ پورے قرآن میں پانچسو چالیس (۵۴۰) رکوع ہیں
س:۔ اچھا بتاؤ پورے قرآن میں آیات کتنی ہیں؟
ج:۔ پورے قرآن میں چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۶۶۶۶) آیات ہیں
س:۔ اچھا بھائی یہ بتلاؤ کہ پورے قرآن میں کلمات کتنے ہیں؟
ج:۔ بھائی پورے قرآن میں ستتر ہزار چار سو چھتیس (۷۷۴۳۶) کلمات ہیں
س:۔ اچھا بھائی جان یہ بتلاؤ کہ پورے قرآن کریم میں حروف کتنے ہیں؟
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں تین لاکھ بائیس ہزار چھ سو (۳۲۲۶۰۰) حروف ہیں
س:۔ اچھا بھائی جان یہ بتلاؤ کہ پورے قرآن میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کتنی جگہ لکھا ہوا ہے؟
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن کریم میں ایک سو چودہ جگہ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا ہوا ہے
س:۔ بھائی جان آپ تو واقعی بہت کچھ جان گئے ہو تھوڑی سی عمر میں آپ نے تو بہت کچھ پڑھ لیا (بستان العارفین)
ج:۔ بھائی جان یہ تو اللہ کا کرم اور استاذ کی محنت کا ثمر ہے اللہ تعالیٰ ہمارے استاذ کے درجات بلند فرمائے۔ آمین
س:۔ اچھا بھائی خدا حافظ پھر کبھی ملاقات ہوگی؟
ج:۔ اچھا بھائی خدا حافظ السلام علیکم وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

---

الٰہی کرادے زیارت حبیبؐ کی
اتنی سی ایک دعاء ہے خادم غریب کی

Scanned by CamScanner

# دینی معلومات

س:۔السلام علیکم پیارے دوست؟

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

س:۔مزاج شریف؟

ج:۔دعائیں لطیف

س:۔ بھائی جان آپ کہاں رہتے ہیں؟

ج:۔بھائی جان میں اسی بستی قیام پور[1] میں رہتا ہوں۔

س:۔ بھائی صاحب آپ کیا کام کرتے ہیں؟

ج:۔ پیارے بھائی میں اپنے اسی مدرسے میں قیام العلوم[2] میں تعلیم دین حاصل کرتا ہوں۔

س:۔اگر میں آپ سے کچھ دینی معلومات کروں تو کیا آپ بتائیں گے؟

ج:۔جی ہاں جو علم مجھے اللہ نے اپنے کرم سے عطا کیا ہے بتلانے کی کوشش کرونگا انشاءاللہ۔

س:۔تو بتلاؤ کہ سب سے پہلے قرآن کریم کی کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

ج:۔ بھائی صاحب سب سے پہلے قرآن کریم کی سورۃ "اقراء باسم ربک الذی خلق"۔نازل ہوئی

---

[1] قیام پور کی جگہ اپنی بستی کا نام لیں۔

[2] قیام العلوم کی جگہ اپنے مدرسہ کا نام لیں (مولف)

Scanned by CamScanner

س:۔اچھاے بتاؤ کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کس چیز کو پیدا کیا؟
ج:۔بھائی صاحب اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے نور محمدؐ کو پیدا کیا حدیث میں آیا ہے کہ اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ
س:۔بتایئے آپؐ کے نور کے بعد سب سے پہلے کیا چیز پیدا فرمائی؟
ج:۔پیارے بھائی محمد صلعم کے نور کے بعد اللہ تعالیٰ نے جو چیز پیدا فرمائی وہ قلم تھا۔(احسن الوسائل)
س:۔اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے دنیا میں کونسا درخت پیدا کیا؟
ج:۔میرے بھائی دنیا میں سب سے پہلے کھجور کا درخت پیدا کیا
س:۔اچھا بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ پر سب سے پہلے کیا لکھا؟
ج:۔عزیز بھائی خداوند عالم نے لوح محفوظ پر سب سے پہلے لکھا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
س:۔اچھا بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے اول یعنی سب سے پہلے زمین کا کونسا ٹکڑا پیدا کیا؟
ج:۔بھائی صاحب جس جگہ خانہ کعبہ ہے اول اس جگہ کو پیدا کیا پھر چاروں طرف زمین پھیلا دی
س:۔اچھا یہ بتاؤ کہ فضائل قرآن میں سب سے پہلے کس نے تصنیف کی؟
ج:۔حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے (احسن الوسائل)
س:۔اچھا یہ بتاؤ کہ قیامت کے دن سب سے پہلے کون اٹھیگا؟
ج:۔سب سے پہلے قیامت کے دن محمد رسول اللہؐ اٹھیں گے
س:۔بھائی صاحب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے حصولِ تعلیم میں بہت محنت کی ہے

Scanned by CamScanner

ج:۔ پیارے بھائی ہر کام میں محنت کرنا چاہیئے اور علم دین میں تو اور زیادہ محنت کرنی چاہیئے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے مبارک علم دین سے نواز دے (آمین)

س:۔ اچھا بھائی اب ہم بھی محنت سے پڑھا کرینگے؟

ج:۔ اچھا بھائی اللہ تعالیٰ آپ کو اور ہم سب کو کامیابی عطا فرمائے۔ (آمین)

السلام علیکم وعلیکم السلام (احسن الوسائل)

# نسب نامہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

س:۔ السلام علیکم میرے جگری دوست؟

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔ مزاج تو ٹھیک ہے؟

ج:۔ الحمدللہ اللہ کا کرم ہے

س:۔ بہت دنوں میں ملاقات ہوئی کیا بات ہے؟

ج:۔ عزیز بھائی پڑھائی میں فرصت نہیں ملتی

س:۔ اچھا تو آپ پڑھتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں کوشش تو کر رہا ہوں اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائیں

س:۔ تو جناب کس مدرسہ میں پڑھتے ہیں؟

ج:۔ پیارے بھائی اپنی بستی کے اسی مدرسے قیام العلوم[1] میں پڑھتا ہوں۔

---

[1] قیام العلوم کی جگہ اپنے مدرسہ کا نام لیں (مولف)

Scanned by CamScanner

س:۔تو جیسا آپ پڑھتے ہیں تو بتایئے کہ تم کون ہو مذہب کے لحاظ سے تمہارا کیا نام ہے؟

ج:۔ایک انسان ہوں مذہب کے لحاظ سے مسلمان کہتے ہیں

س:۔مسلمان ہونے کا کیا مطلب ہے اور مسلمانوں کے مذہب کا کیا نام ہے؟

ج:۔مسلمان ہونے کا مطلب یہ ہیکہ مسلمان ایک خدا کی عبادت کرتا ہے اور اس کے معبود ہونے کا یقین رکھتا ہے اور مسلمانوں کے مذہب کا نام اسلام ہے

س:۔آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جانتے ہیں؟

ج:۔جی ہاں میں ہی کیا مسلمان کا بچہ بچہ حضور اکرمؐ سے خوب واقف ہے

س:۔اچھا یہ بتاؤ کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کا کیا نام ہے؟

ج:۔بھائی صاحب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد کا نام حضرت عبداللہ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہ تھا اور آپؐ کے دادا کا نام عبدالمطلب تھا

س:۔اچھا بتاؤ کہ حضورؐ کے خاندان مبارک کا کیا نام ہے؟

ج:۔میرے بھائی حضورؐ خاندان قریش میں سے ہیں خاندان قریش کی ایک شاخ بنی ہاشم تھی حضورؐ اسی شاخ یعنی بنی ہاشم سے ہیں اسی لئے ہاشمی کہلاتے ہیں

س:۔بھائی یہ بھی بتادو کہ ہاشم کون تھے جنکی اولاد بنی ہاشم کہلاتی ہے؟

ج:۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا کا نام ہاشم ہے آپ کا سلسلہ نسب اس طرح ہے محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف۔

س:۔اچھا یہ بتاؤ کہ حضورؐ کون ہیں؟

Scanned by CamScanner

ج:۔ بھائی صاحب حضورؐ اللہ کے بندے اور اسکے سچے رسول ہیں جو میرے اور آپ کے اور تمام انسانوں اور جنات کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے

س:۔ اب یہ بتاؤ کہ حضورؐ کو نبوت کتنی عمر میں ملی؟

ج:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف چالیس سال تھی جب آپ صلعم کو نبوت سے سرفراز کیا گیا

س:۔ ہمارے نبی جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحی نازل ہونیکے بعد کتنے دن زندہ رہے اور آپ کہاں کہاں رہے آپ کی کل عمر کتنی ہے؟

ج:۔ بھائی صاحب وحی نازل ہونے کے بعد آپ صلعم تیئس (۲۳) برس زندہ رہے تیرہ (۱۳) سال مکہ معظمہ میں اور دس (۱۰) سال مدینہ منورہ میں گویا آپ ترپن (۵۳) سال مکہ معظمہ میں اور دس (۱۰) سال مدینہ منورہ میں رہے آپ کی کل عمر شریف تریسٹھ (۶۳) سال چار دن ہے جن کے بائیس ہزار تین سو تیس دن چھ گھنٹے ہوتے ہیں۔ (۲۲۳۳۰) (مولف) تعلیم الاسلام

س:۔ بھائی جان آپ کو علم دین کے بارے میں کافی معلومات ہے؟

ج:۔ یہ تو اللہ کا کرم اور استاذ کی محنت سے ملا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے استاذ کو دونوں جہاں میں عزت عطا فرمائیں۔

السلام علیکم وعلیکم السلام

---

نہ صورت ہے مسلمانی نہ سیرت ہے مسلمانی
بھلا اس حال میں پھر کیا ہو تم پر فضل یزدانی

(نامعلوم)

Scanned by CamScanner

# دربیان غسل اور وضو

س:۔السلام علیکم

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔کہیے کیسے مزاج ہیں؟

ج:۔اللہ کے فضل وکرم سے بالکل عافیت سے ہوں

س:۔آپ صاحبان کرتے کیا ہیں ویسے آجکل آپ کا مشغلہ کیا ہے؟

ج:۔بھائی میں مدرسہ اسلامیہ عربیہ قیام العلوم میں تعلیم حاصل کرتا ہوں

س:۔اچھا تو ہم جیسے ان پڑھ کو بھی کچھ بتلاؤ گے؟

ج:۔پیارے بھائی آپ شوق سے معلوم کریں جو مجھے معلوم ہے ضرور بتلانے کی کوشش کروں گا

س:۔مجھے آپ یہ بتلائیے کہ غسل میں کتنے فرض ہیں؟

ج:۔پیارے بھائی غسل میں تین فرض ہیں

س:۔بس تین ہی میں تو سمجھتا تھا کہ دس بیس ہونگے؟

ج:۔نہیں بھائی غسل میں صرف تین فرض ہیں

س:۔اچھا تو وہ تین فرض کون سے ہیں؟

ج:۔نمبر ایک منھ بھر کے کلی کرنا نمبر دو ناک کی نرم ہڈی تک پانی پہونچانا نمبر تین پورے بدن پر پانی بہانا ایک بال کے برابر جگہ بھی سوکھی نہ رہے

Scanned by CamScanner

س:۔اچھا بھائی وضو میں کتنے فرض ہوتے ہیں؟

ج:۔بھائی وضو میں چار فرض ہوتے ہیں

س:۔تو بتلاؤ چار فرض کونسے اور کس طرح ہیں ترتیب وار بتاؤ؟

ج:۔نمبر ایک پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک پورے چہرے کا دھونا نمبر دو کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا نمبر تین چوتھائی سر کا مسح کرنا نمبر چار ٹخنوں سمیت دونوں پیر دھونا

س:۔اچھا یہ بتاؤ کہ غسل میں کتنی سنتیں ہیں؟

ج:۔پیارے بھائی غسل میں پانچ سنتیں ہیں

س:۔تو بتاؤ پانچ سنتیں کس طرح ہیں؟

ج:۔(۱) ناپاکی دور کرنے کی نیت کرنا (۲) استنجا کرنا اور جس جگہ پر نجاست لگی ہوا سے دھونا (۳) دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا (۴) پہلے وضو کر لینا نمبر (۵) تمام بدن پر تین مرتبہ پانی بہانا یہی غسل کی پانچ سنتیں ہیں

س:۔پیارے بھائی یہ اور بتا دو کہ وضو میں کتنی سنتیں ہیں اور ان کی ترتیب کیا ہے؟

ج:۔پیارے بھائی وضو میں تیرہ (۱۳) سنتیں ہیں (۱) نیت کرنا (۲) بسم اللہ پڑھنا (۳) پہلے تین بار دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا (۴) مسواک کرنا (۵) تین بار کلی کرنا (۶) تین بار ناک میں پانی ڈالنا (۷) داڑھی کا خلال کرنا (۸) ہاتھ اور پیر کی انگلیوں کا خلال کرنا (۹) ہر عضو کو تین بار دھونا (۱۰) ایک بار تمام سر کا مسح کرنا (۱۱) دونوں کانوں کا مسح کرنا (۱۲) ترتیب سے وضو کرنا (۱۳) پے در پے وضو کرنا

Scanned by CamScanner

کہ ایک عضو خشک نہونے پائے کہ دوسرا عضو دھل جائے یہ وضو کی سنتیں ہیں اس طرح ان کی ترتیب ہے (تعلیم الاسلام)

س:۔ بھائی آپ نے تو کمال کردیا ابھی تو آپ نے پڑھنا ہی شروع کیا تھا چند دنوں میں اتنی معلومات سبحان اللہ؟

ج:۔ بھائی صاحب آدمی گھر چھوڑ کر آیا ہے تو محنت سے پڑھنا چاہیئے اچھا پھر ملاقات ہوگی۔ خدا حافظ السلام علیکم خدا حافظ وعلیکم السلام

## شعر

ٹیپ رکا ڈر ہاتھ میں مستی سے مسلم چور ہے
یہ نہ سوچا ہائے کتنا تو خدا سے دور ہے

(خادم)

# آغاز اذان

س:۔ السلام علیکم

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔ کہیے جناب کیا حال ہے

ج:۔ الحمد للہ بھائی اللہ کا شکر ہے

س:۔ غالبا آپ پڑھتے ہیں؟

ج:۔ جی ہاں کوشش تو کر رہا ہوں کامیابی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ ہے

Scanned by CamScanner

س:۔تو جناب آپ مجھے کچھ بتلانے کی زحمت فرمائیں گے؟
ج:۔ارے بھائی یہ تو میری خوش قسمتی ہے اگر آپ مجھ جاہل سے کچھ معلوم کریں
س:۔کیا آپ قرآن کریم کو جانتے ہیں؟
ج:۔جی ہاں جانتا ہوں اور مانتا ہوں اور پڑھتا بھی ہوں
س:۔اچھا تو بتاؤ کہ قرآن کریم کی سب سے پہلے اور پہلی سورۃ کب نازل ہوئی؟
ج:۔بھائی صاحب سب سے پہلی سورۂ علق (اقراء) ۱۸ رمضان المبارک ۱ سنہ سال بعثت کو نازل ہوئی۔
س۔اچھا بتاؤ کہ سب سے پہلے مدینے کو کس نے ہجرت فرمائی؟
ج:۔میرے بھائی سب سے پہلے ابوسلمہؓ نے ہجرت فرمائی
س:۔اچھا بتاؤ کہ سب سے پہلی مسجد کہاں اور کب بنی؟
ج:۔بھائی جان مدینہ منورہ میں مسجد قبا سب سے پہلی مسجد ہے جس کی تعمیر ۸ رتا ۱۱ ربیع الاول سن ایک ہجری میں ہوئی
س:۔اب یہ بتاؤ کہ سب سے پہلا جمعہ کب اور کہاں پڑھا گیا اور کس نے پڑھایا؟
ج:۔پیارے بھائی سب سے پہلا جمعہ ۱۲ ربیع الاول سن ایک ہجری بنی سالم کی آبادی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر امامت پڑھا گیا جس میں ایک سو فرزندان توحید نے شرکت فرمائی
س:۔سب سے پہلے طریقہ اذان کا آغاز کب ہوا؟
ج:۔بھائی صاحب مدینہ منورہ میں سن ایک ہجری میں طریقہ اذان کا آغاز ہوا

Scanned by CamScanner

س:۔اچھا مکہ معظمہ میں سب سے پہلے اذان کس نے پڑھی؟

ج:۔بھائی صاحب خانہ کعبہ میں سب سے پہلے اذان فتح مکہ کے موقع پر سن آٹھ ہجری میں حضرت بلالؓ نے پڑھی۔

س:۔اچھا یہ بتاؤ کہ سب سے پہلے دوگانہ عید الفطر کب پڑھی گئی؟

ج:۔بھائی صاحب سب سے پہلے نماز عید الفطر ۲ھ میں پڑھی گئی

س:۔اچھا بتاؤ سب سے پہلا جنگی معرکہ کب ہوا؟

ج:۔بھائی صاحب سب سے پہلا جنگی معرکہ غزوہ بدر ۲ھ میں ہوا

س:۔اچھا اس عورت کا نام بتاؤ جو عورتوں میں سب سے پہلے شہید ہوئیں؟

ج:۔پہلی خاتون جو انتہائی مظلومانہ انداز میں شہید ہوئیں ان کا نام حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا تھا جو حضرت یاسر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں

س:۔بھائی صاحب آپ سے ملکر بہت کچھ معلومات حاصل ہوئی اور یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی کہ ہماری بستی میں اب دینی معلومات کا کافی بڑا مدرسہ قائم ہوگیا ہے

ج:۔یہ تو اللہ کا کرم اور اسکا احسان ہے کہ اس نے اس گاؤں میں دینی مدرسہ جاری فرمایا ہے دعاء کیجئے کہ اللہ تعالی ہمارے استاذ کو دونوں جہاں میں عزت عطا فرمائے (آمین)

س:۔اچھا پھر ملاقات ہوگی

ج:۔اچھا بھائی السلام علیکم وعلیکم السلام

Scanned by CamScanner

# حقیقت معراج نزول قرآن

س:۔السلام علیکم

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔برادر عزیز کیا حال ہے؟

ج:۔الحمدللہ بھائی جان بالکل ٹھیک ہوں

س:۔تو آنجناب کیا کرتے ہیں؟

ج:۔بھائی صاحب میں مدرسہ اسلامیہ عربیہ قیام العلوم[1] میں تعلیم حاصل کرتا ہوں

س:۔تو آپ امتحان کے طور پر کچھ بتائیں گے؟

ج:۔بھائی امتحان تو بڑا سخت ہوتا ہے لیکن جو میں جانتا ہوں انشاءاللہ ضرور بتلاؤنگا

س:۔تو بتایئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج جسمانی ہوئی یا منامی؟

ج:۔بھائی جان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج جسمانی ہوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جسم مبارک کے ساتھ معراج میں تشریف لے گئے تھے اس لئے آپ کی معراج جسمانی تھی ہاں اس جسمانی معراج کے علاوہ چند مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں بھی معراج ہوئی وہ منامی معراجیں کہلاتی ہیں کیونکہ منام خواب کو کہتے ہیں پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج ایک تو جسمانی تھی اور چار پانچ معراجیں منامی تھی

س:۔اسلامی عقائد میں بتایا گیا ہے کہ قرآن مجید تیس برس میں نازل ہوا کیا یہ سچ ہے؟

---

[1] اپنے مدرسے کا نام لیں (مولف)

ج :۔جی ہاں بالکل درست اور سچ ہے

س :۔مگر ہم نے سنا ہے کہ قرآن کریم رمضان المبارک کے مہینے میں نازل کیا گیا؟

ج :۔ہاں یہ بھی سچ ہے

س :۔اور یہ بھی سنا ہے کہ قرآن کریم شب قدر میں اتارا گیا ہے؟

ج :۔جی ہاں یہ بھی سچ ہے

س :۔جناب یہ تینوں باتیں آپس میں ایک دوسرے کے مخالف ہیں ان میں سے کونسی بات صحیح ہے؟

ج :۔بھائی صاحب یہ تینوں باتیں صحیح ہیں بات یہ ہیکہ قرآن کریم کے نزول دو ہیں اول یہ کہ تمام قرآن مجید ایک ہی مرتبہ لوح محفوظ سے آسمان دنیا (پہلے آسمان پر) نازل کیا گیا جو رمضان کا مہینہ تھا اور اسی میں شب قدر تھی۔

دوسرا نزول یہ کہ وقتاً فوقتاً ضرورتوں کے لحاظ سے تھوڑا تھوڑا کر کے دنیا میں اتارا تو "شهر رمضان الذی انزل فيه القرآن" سورۂ بقرہ میں اور "انا انزلناه فی ليلة القدر" سورۂ قدر میں تو ان دونوں آیتوں میں نزول سے پہلا نزول مراد ہے کہ ماہ رمضان کی ایک شب میں جو شب قدر تھی لوح محفوظ سے آسمانی دنیا پر نازل ہو گیا اور تیئیس برس میں نازل ہونے سے دوسرا نزول مراد ہے کہ آسمان دنیا سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تیئیس برس میں نازل ہوا پس یہ باتیں آپس میں مخالف نہیں بلکہ تینوں صحیح ہیں

س :۔اچھا یہ بتاؤ کہ قرآن کریم کی ابتدا کہاں سے ہوئی یعنی کس جگہ قرآن کریم اترنا شروع ہوا؟

Scanned by CamScanner

ج:۔ بھائی جان مکہ معظمہ میں ایک پہاڑ ہے جس کا نام حرا ہے اس میں ایک غار تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس غار میں عبادت کیا کرتے تھے اس غار حرا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کریم اترنا شروع ہوا (تعلیم الاسلام)

س:۔ اچھا جناب بہت کام کی بات بتلائی اللہ تعالیٰ آپ کے ذہن کو قوت عطا فرمائیں۔ (آمین)

ج:۔ اچھا بھائی خدا حافظ السلام علیکم وعلیکم السلام

# معلومات عامہ

س:۔ السلام علیکم

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔ جناب خیریت ہے؟

ج:۔ اللہ کا شکر ہے بالکل ٹھیک ہوں

س:۔ ارے بھائی بہت جلدی میں ہو کہاں جا رہے ہو آپ؟

ج:۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ مدرسہ قیام العلوم[1] کا سالانہ جلسہ ہے وہیں پر جا رہا ہوں وہاں کا جلسہ بڑی شان وشوکت سے ہوتا ہے بڑا لطف آتا ہے بچوں کا علمی سلیقہ دیکھ کر

س:۔ اچھا بھائی اگر ایسی بات ہے تو چلو ہم بھی چلیں؟

ج:۔ چلئے جناب علماء کرام کی زیارت بھی ہوجائے گی

---

1 طالب علم اپنے مدرسہ کا نام بولیں (مؤلف)

س۔ اچھا چلتے چلتے کچھ باتیں بتلاؤ جیسا کہ آپ مدرسہ قیام العلوم کے طالب علم ہیں؟

ج:۔ آپ معلوم کریں انشاء اللہ جواب بھی ملیگا

س:۔ یہ بتاؤ کہ زمین سے سورج کتنی دور ہے؟

ج:۔ بھائی صاحب زمین سے سورج کی دوری نو کروڑ تیس لاکھ میل ہے ۹۳۰۰۰۰۰۰

س:۔ اچھا یہ بتاؤ زمین سے چاند کتنی دور ہے؟

ج:۔ پیارے بھائی زمین سے چاند کی دوری دو لاکھ اڑتالیس ۴۸ ہزار آٹھ سو ستاون میل ہے ۲۴۸۸۵۷

س:۔ اچھا یہ بتاؤ کہ بجلی کتنی رفتار سے سفر کرتی ہے؟

ج:۔ بھائی جان اس کی رفتار بہت ہے ایک سکنڈ میں ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل کی رفتار سے سفر کرتی ہے

س:۔ اچھا یہ بتاؤ کہ قرآن شریف سونے کے پتروں پر لکھا ہوا کہاں ہے (یعنی کس جگہ ہے)

ج:۔ بھائی صاحب سونے کے پتروں پر لکھا ہوا قرآن شریف پٹنہ کے سرکاری کتب خانے میں رکھا ہوا موجود ہے جس کا وزن ڈیڑھ من ہے

س:۔ اچھا بتاؤ کہ ایک سیر شہد تیار کرنے میں مکھی کو کتنے پھولوں کا رس درکار ہے؟

ج:۔ بھائی صاحب ایک سیر شہد تیار کرنے میں مکھی کو بارہ لاکھ چالیس ہزار پھولوں کا رس چوسنا پڑتا ہے ۱۲۴۰۰۰۰

س:۔ اچھا یہ بتاؤ کہ وہ کونسی شئی ہے جس کی عمر پچاس ہزار برس ہے؟

Scanned by CamScanner

ج ۔ وہ انصاف کا دن ہے جو پچاس ہزار برس کا ایک دن ہوگا

س ۔ بھائی جان اس آدمی کا نام بتاؤ کہ اسلام میں داخل ہوتے ہی فوراً خانہ کعبہ میں کلمۂ حق بلند کیا؟

ج ۔ بھائی صاحب ان کا نام حضرت ابوذر غفاریؓ ہے یہ صحابیٔ رسول ہیں سب سے پہلے خانہ کعبہ میں کلمہ اسلام بلند کیا اور کفار مکہ سے مار کھائی

س ۔ اچھا یہ بتاؤ کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریف کب ہوئی؟

ج ۔ بھائی جان ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریف عام طور سے بارہ ربیع الاول مشہور ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ کی ولادت شریف نو ربیع الاول بروز پیر کو ہوئی عیسوی سن کے حساب سے بیس اپریل ۵۷۱ء ہے (تعلیم الاسلام)

س ۔ اچھا یہ بتاؤ کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات شریف کب ہوئی؟

ج ۔ بھائی صاحب تریسٹھ سال چار دن کی عمر میں بارہ ربیع الاول بروز پیر کو چاشت کے وقت (حیات النبیؐ) رفیق اعلیٰ سے جا ملے تیرہ ربیع الاول کو رات کے وقت حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں تدفین عمل میں آئی اس طرح آپؐ نے اس دنیا میں ولادت سے لیکر وصال تک ۲۲۳۳۰ دن چھ گھنٹے قیام فرمایا (رحمۃ للعالمین)

س ۔ اچھا بھائی چلو بہت دیر ہوگئی کچھ کام بھی کرنا ہوگا السلام علیکم

ج ۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

Scanned by CamScanner

# قرآن ونماز کے متعلق

س:۔السلام علیکم

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔بھائی جان بہت خوش نظر آرہے ہیں کیا بات ہے؟

ج:۔ہاں بھائی خوشی کی بات یہ ہے کہ میرا ناظرہ کلام پاک پورا ہوگیا ہے اب حفظ کرنے کا ارادہ ہے

س:۔تو آپ کو قرآن کریم کے متعلق کافی معلومات ہوگئی ہونگی آپ کچھ بتائیں گے؟

ج:۔جی ہاں آپ سوال کریں انشاءاللہ جواب دینے کی کوشش کرونگا

س:۔کیا قرآن کریم میں سورۂ بقرہ بھی ہے؟

ج:۔برادر عزیز سورۂ بقرہ قرآن کریم کی دوسری سورۃ ہے جو پہلے پارے سے شروع ہوتی ہے

س:۔تو پیارے بھائی بتاؤ کہ سورہ بقرہ میں کتنی آیات ہیں اس میں کلمات کتنے ہیں اور اس سورہ میں کل کتنے حروف ہیں

ج:۔برادر عزیز سورہ بقر قرآن شریف کی سب سے بڑی سورت ہے اور مدینہ منورہ میں سب سے پہلے اس کا نزول شروع ہوا اس کی آیات کی تعداد ۲۸۶ دوسو چھیاسی ہے اور کلمات اس سورت میں چھے ہزار دوسو اکیس ۶۲۲۱ اور حروف اس صورت میں پچیس ہزار پانچسو ہیں ۲۵۵۰۰۔(معارف القرآن)

س ۔ کیا آپ سورہ نبا کو جانتے ہیں اس میں آیات کتنی ہیں اور کلمات کتنے ہیں اور کل حروف اس میں کتنے ہیں۔

ج ۔ بھائی جان سورہ نبا تیسویں (۳۰) پارے میں ہیں اس صورت میں چالیس ۴۰ آیات ہیں ایک سو تہتر ۱۷۳۔ کلمے ہیں اور سات سو ستتر ۷۷۷ حروف ہیں۔

س ۔ اچھا سورہ الحاقہ میں بتاؤ کہ آیات کتنی ہیں اور کلمات کتنے ہیں اور حروف کتنے ہیں۔

ج ۔ برادر عزیز یہ سورۃ قرآن کریم کے انتیسویں پارے میں ہے اس میں باون ۵۲۔ آیات ہیں اور اس سورۃ کے کلمات دو سو باون ۲۵۲ ہیں اور حروف اس کے ایک ہزر چار سو اسی ۱۴۸۰ ہیں۔

س ۔ آپ سورہ الناس کو جانتے ہیں اس میں کتنے حروف ہیں کتنے کلمات ہیں اور کتنی آیات ہیں بتاؤ۔

ج ۔ برادر عزیز یہ تیسویں پارے میں ہے اور قرآن کریم کی آخری سورت ہے اس میں چھ ۶ آیت ہیں بیس ۲۰۔ کلمات ہیں اور اسی ۸۰ حروف ہیں۔

س ۔ اچھا جناب یہ تو سوالات تھے قرآن کریم کے متعلق اب میں آپ سے ایسے سوالات کرتا ہوں جس کو آپ شاید نہ بتا سکیں؟

ج ۔ بھائی جان آپ سوال کیجئے اگر اللہ نے چاہا تو جواب بھی ملے گا۔

س ۔ جناب بتایئے کہ خانہ کعبہ کی چھت پر نمازی اگر نماز پڑھے تو منہ کس طرف کرے؟

Scanned by CamScanner

ج :۔ برادر عزیز سات مقاموں پر نماز پڑھنی جائز نہیں ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کعبہ (۱) کی چھت پر نماز پڑھنی جائز نہیں (بلحاظ عظمت کے) (۲) قبرستان میں نماز پڑھنی جائز نہیں (بلحاظ وہم شرک کے (۳) گندگی کی جگہ پر نماز پڑھنی جائز نہیں (بلحاظ نجاست کے) (۴) اور جانور کے ذبح ہونے کے مقام میں نماز پڑھنی جائز نہیں (بلحاظ اسی نجاستِ تعفن کے) (۵) اور حمام میں نماز پڑھنی جائز نہیں (بلحاظ پراگندہ ہونے دل کے) (۶) اور اونٹوں کے مقام میں (۷) اور راستہ میں نماز پڑھنی جائز نہیں (بلحاظ خلل ہونے حضور دل کے)

س :۔ جناب آپ نے تو کمال کر دیا بڑی خوشی ہوئی آپ سے مل کر۔

ج :۔ برادر عزیز یہ تو استاد کی خدمت کا صلہ ہے ورنہ ہم کس قابل تھے اللہ تعالیٰ ہمارے استاد کو جنت الفردوس عطا فرمائیں (آمین)

س :۔ اچھا بھائی پھر کبھی ملاقات ہوگی۔

ج :۔ انشاء اللہ السلام علیکم وعلیکم السلام۔

---

یہ ہے دریاء اللہ کا یہاں ملتا ہے آنے سے

بدل جاتی ہے قسمت بھی دعاؤں کے بہانے سے

خادم

---

۱۱ احکام اسلام عقل کی نظر میں

# عمر نبی اور آمد جبرئیل

س:۔ السلام علیکم

ج:۔ وعلیکم السلام

س:۔ آپ نے ابھی اپنا تعارف نہیں کرایا

ج:۔ مجھ ناچیز کو عبد الکریم کہتے اور میرے والد صاحب کا نام منصب علی[1] ہے اسی گاؤں انبھو پٹھان[2] تحصیل دیوبند[3] ضلع سہارنپور[4] کا رہنے والا ہوں

س:۔ آپ کا پیشہ کیا ہے

ج:۔ ہمارا پیشہ توکلت علی اللہ ہر کام میں اللہ کا بھروسہ کرتا ہوں

س:۔ جناب آپ تو تعلیم یافتہ معلوم ہوتے ہیں کچھ آپ بتلائیں گے

ج:۔ ابھی کچھ دنوں سے پڑھنا شروع کیا ہے آپ معلوم کریں انشاء اللہ ضرور بتلاؤں گا

س:۔ تو جناب یہ بتلائیے کہ حضرت آدم کی کتنی عمر ہوئی

ج:۔ پیارے بھائی حضرت آدم کی عمر ایک ہزار ۱۰۰۰ برس اور ایک روایت سے نوسوتیس ۹۳۰ سال ہوئی

س:۔ حضرت شیث علیہ السلام کی کتنی عمر ہوئی

---

طالب علم اپنا نام لیں[1] طالب علم اپنے والد کا نام[2] اپنے گاؤں کا نام[3] اپنی تحصیل کا نام[4] اپنے ضلع کا نام لیں (مؤلف)

ج:۔ پیارے بھائی حضرت شیثؑ کی عمر نوسو بارہ ۹۱۲ سال ہوئی

س:۔ اچھا بتاؤ حضرت ادریسؑ اور حضرت نوحؑ کی کتنی عمر ہوئی

ج:۔ پیارے بھائی حضرت ادریسؑ کی عمر تین سو پینسٹھ ۳۶۵ سال اور حضرت نوحؑ کی عمر بارہ سو پچاس ۱۲۵۰ سال ہوئی

س:۔ اچھا بتاؤ کہ حضرت ابراہیمؑ کی اور حضرت اسمٰعیلؑ کی کتنی عمر ہوئی

ج:۔ پیارے بھائی حضرت ابراہیمؑ کی عمر ایک سو پچھتر ۱۷۵ سال اور حضرت اسمٰعیلؑ کی عمر ایک سو سینتیس ۱۳۷ سال ہوئی

س:۔ اچھا بتاؤ کہ حضرت یعقوبؑ اور انکے صاحبزادے حضرت یوسفؑ کی کتنی عمر ہوئی۔

ج:۔ پیارے بھائی حضرت یعقوبؑ کی عمر ایک سو اسی ۱۸۰ سال اور حضرت یوسفؑ کی عمر ایک سو دس ۱۱۰ سال ہوئی

س:۔ حضرت موسیٰؑ اور حضرت ایوبؑ صابر کی عمر بتاؤ؟

ج:۔ حضرت موسیٰؑ کی عمر ایک سو بیس ۱۲۰ سال اور حضرت ایوبؑ صابر کی عمر ایک سو چالیس ۱۴۰ سال ہوئی

س:۔ حضرت سلیمانؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی عمر بتاؤ؟

ج:۔ پیارے بھائی حضرت سلیمانؑ کی عمر ایک سو اسی ۱۸۰ سال ہوئی حضرت عیسیٰؑ کی عمر تیس ۳۰ سال تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ آسمان پر اٹھالیا جو قرب قیامت پھر دنیا میں تشریف لائیں گے اور کافر دجال کو قتل کرینگے۔

س:۔ اچھا اب یہ بتاؤ کہ ہمارے حضرت خیر البشر خاتم الانبیاء رحمۃ اللعالمین

جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف کتنی ہوئی

ج:۔ پیارے بھائی ہمارے محبوب سرورِ عالم رسول عربی فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف تریسٹھ ۶۳ سال ہوئی (عالمی تاریخ ص ۴۳)

س:۔ اچھا جناب یہ بتاؤ کہ حضرت آدمؑ کے پاس حضرت جبرئیل کتنی مرتبہ تشریف لائے

ج:۔ آدم علیہ السلام کی عمر ایک ہزار برس ہوئی اتنی عمر میں آدم کے پاس جبرئیل صرف بارہ (۱۲) مرتبہ تشریف لائے

س:۔ اچھا بتاؤ کہ حضرت موسیٰ کے پاس حضرت جبرئیل کتنی مرتبہ تشریف لائے

ج:۔ حضرت موسیٰ کے پاس حضرت جبرئیل چار سو ۴۰۰ مرتبہ تشریف لائے جبکہ حضرت موسیٰ کی عمر ایک سو بیس ۱۲۰ سال ہے

س:۔ اچھا حضرت نوحؑ کے پاس حضرت جبرئیل کتنی مرتبہ تشریف لائے

ج:۔ حضرت نوحؑ کے پاس حضرت جبرئیل پچاس ۵۰ مرتبہ تشریف لائے جبکہ حضرت نوحؑ کی عمر بارہ سو پچاس سال ہے

س:۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے پاس اور حضرت عیسیٰؑ کے پاس حضرت جبرئیل کتنی مرتبہ تشریف لائے

ج:۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے پاس بیالیس ۴۲ مرتبہ اور حضرت عیسیٰؑ کے پاس [illegible]رہ مرتبہ تشریف لائے

س:۔ اچھا حضرت ادریسؑ کے پاس اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس [جبر]ئیل کتنی مرتبہ تشریف لائے

Scanned by CamScanner

ج ۔ حضرت ادریس کے پاس چار مرتبہ اور ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چوبیس ہزار مرتبہ تشریف لائے جبکہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف کل تریسٹھ سال ہے۔ (احسن المواعظ)

اچھا بھائی السلام علیکم وعلیکم السلام

# کس صدی میں کون مجدد

س ۔ السلام علیکم

ج ۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س ۔ جناب کہاں جا رہے ہو؟

ج ۔ بھائی صاحب میں قیا پور جا رہا ہوں

س ۔ کیوں وہاں کیا ہے وہاں جا کر کیا کروگے

ج ۔ جناب قیا پور میں قیام العلوم مدرسہ ہے اور آج اس کا سالانہ جلسہ ہے، وہاں شرکت کے لئے جا رہا ہوں

س ۔ کیوں بھائی وہاں جانے سے کیا فائدہ ہوگا۔

ج ۔ بھائی صاحب وہاں کے طلبہ اور وہاں آنے والے علما بہت ہی اچھی دینی باتیں بتلاتے ہیں

س ۔ کیا آپ کا بھی کوئی پروگرام ہے اس جلسہ میں

ج ۔ جی ہاں ناچیز کا بھی ایک مکالمہ ہے

س ۔ اچھا چلتے چلتے کچھ ہمیں بھی بتادو

ج ۔ کیوں نہیں نیک کام میں کیا دیر آپ معلوم کریں انشاء اللہ میں بتاؤں گا

Scanned by CamScanner

س :۔ اچھا بتاؤ کہ پہلی صدی کے مجدد کون تھے

ج :۔ سب سے پہلی صدی کے مجدد حضرت عمر ابن عبد العزیز تابعیؒ تھے جو سب سے پہلے مجدد ہیں۔

س :۔ اچھا بتاؤ کہ دوسری صدی کے مجدد کون تھے

ج :۔ بھائی صاحب دوسری صدی کے مجدد حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ تھے

س :۔ اچھا تیسری صدی کے مجدد کے نام بتاؤ

ج :۔ تیسری صدی میں مجدد حضرت ابن سریجؒ اور حضرت امام اشعریؒ تھے

س :۔ اچھا چوتھی صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

ج :۔ چوتھی صدی میں مجدد حضرت ابو بکر باقلانیؒ اور حضرت امام اسفرائنیؒ اور حضرت سہلؒ تھے

س :۔ اچھا پانچویں صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

ج :۔ پانچویں صدی کے مجدد حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ تھے

س :۔ اچھا چھٹی اور ساتویں صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

ج :۔ پیارے بھائی چھٹی صدی کے مجدد صاحب تفسیر کبیر حضرت امام رازیؒ اور حضرت امام رافعیؒ تھے اور ساتویں صدی کے مجدد حضرت ابن دقیق العیدؒ تھے

س :۔ اچھا آٹھوی اور نویں صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

ج :۔ آٹھویں صدی میں حضرت امام بلقینیؒ حافظ زین الدینؒ تھے اور نویں صدی میں حضرت امام جلال الدین سیوطیؒ تھے

س :۔ اب دسویں اور گیارہویں صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

Scanned by CamScanner

ج:۔ بھائی صاحب دسویں صدی کے مجدد امام شمس الدینؒ ابن شہاب الدین اور حضرت محدث علی قاریؒ تھے اور گیارہویں میں مجدد الف ثانیؒ تھے

س:۔ اچھا بارہویں اور تیرہویں صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

ج:۔ بارہویں صدی میں حضرت شاہ ولی اللہؒ اور دو حضرات اور تھے اور تیرہویں صدی میں حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ تھے

س:۔ اچھا چودھویں صدی اور پندرہویں صدی کے مجدد کا نام بتاؤ

ج:۔ بھائی صاحب چودہویں صدی میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ تھے اور پندرہویں صدی کے مجدد حضرت مولانا زکریا صاحب کاندھلویؒ مہاجر مدنی تھے (عالمی تاریخ)

س:۔ اچھا بھائی اب اجازت خدا حافظ السلام علیکم

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

دنیا کے اے مسافر منزل تیری قبر ہے
طے کررہا ہے جو تو دو دن کا یہ سفر ہے

محمد کی اطاعت دین حق کی شرط اول ہے
اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

---

اور امام ابراہیم حسن کرویؒ تھے ا سید احمد شہید بریلویؒ تھے ۲ مولانا محمد قاسمؒ بانی دارالعلوم دیوبند

Scanned by CamScanner

# عجیب معلومات

س:۔السلام علیکم

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔آپ کا اسم شریف

ج:۔ناچیز کو عبدالکریم[1] کہتے ہیں

س:۔آپ کیا کرتے ہیں

ج:۔میں علم دین حاصل کرتا ہوں

س:۔تو آپ بطورِ نمونہ کچھ بتلائیں گے

ج:۔انشاء اللہ ضرور بتلاؤں گا

س:۔اچھا بتلاؤ کہ جنت میں سب سے پہلے کون جائے گا (یعنی کون داخل ہوگا)

ج:۔ہمارے نبی تاجدارِ مدینہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

س:۔اچھا بتاؤ کہ سب سے پہلے آدمؑ کے بعد اول لکھنا کس نے شروع کیا

ج:۔آدمؑ کے بعد سب سے پہلے حضرت ادریسؑ نے لکھنا شروع کیا

س:۔اچھا بتاؤ کہ سب سے پہلے دوزخی لباس کس کو پہنایا جائیگا

ج:۔پیارے بھائی: ابلیس کو سب سے پہلے دوزخی وردی پہنا کر دوزخ میں ڈالا جائے گا۔

---

[1] عبدالکریم کی جگہ اپنا نام بولیں۔ مولف

Scanned by CamScanner

س:۔ اچھا یہ بتاؤ کہ قیامت کے دن سب سے پہلے حساب کس سے لیا جائے گا

ج: میرے بھائی سب سے پہلے حساب حضرت جبرئیلؑ سے لیا جائے گا اسلئے کہ وہ خدا کے امین اور رسول کے پاس پیغام لانے والے تھے

س:۔ اچھا بتاؤ حضرت آدم علیہ السلام نے جنت میں جاکر اول کیا کھایا تھا

ج:۔ بھائی صاحب آدمؑ نے جنت میں جاکر اول انگور کھایا تھا اور آخر میں گندم (گیہوں) کھایا تھا

س:۔ اچھا یہ بتاؤ کہ جنت میں سب سے پہلے مؤمنین کو کیا کھلایا جائیگا

ج:۔ بھائی صاحب جنت میں داخل ہونے کے فوراً بعد مومنین کو مچھلی کے جگر کے کباب کا ناشتہ کرایا جائے گا اور پھر انگور

س:۔ دنیا میں سب سے پہلے ظلماً قتل کون ہوا (کسکا قتل ہوا)

ج:۔ حضرت آدمؑ کا بیٹا ہابیل پچیس سال کی عمر میں اس کے بھائی قابیل نے اسکو قتل کیا دنیا میں سب سے پہلا یہی قتل تھا

س:۔ اچھا بتاؤ دنیا میں سب سے پہلا زلزلہ کب آیا

ج:۔ جب کہ حضرت آدم کے بیٹے قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا بس اسی وقت سب سے پہلا زلزلہ آیا تھا۔

س:۔ اچھا بتاؤ کہ سب سے پہلے شراب اور راگ باجا کس نے ایجاد کیا

ج:۔ بھائی صاحب سب سے پہلے شراب نوشی راگ باجا شیطان لعین نے ایجاد کیا

س:۔ اچھا بتاؤ سب سے پہلے خدائی کا دعویٰ کس نے کیا

Scanned by CamScanner

ج ۔ بھائی صاحب سب سے پہلے خدائی کا دعویٰ کرنے والا ظالم بادشاہ نمرود ہے

س ۔ اچھا بتاؤ کہ مسلمانوں میں سب سے پہلے گہوارہ کس کے جنازہ پر بنایا گیا

ج ۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کے جنازہ پر گہوارہ بنایا گیا جو کہ سب سے پہلا گہوارہ تھا (احسن الوسائل)

س ۔ اچھا بھائی آپ کو اور آپ کے استاد کو اللہ تعالیٰ عزت عطا فرئیں (آمین) آپ نے بہت ہی اچھی باتیں بتلائیں بہت دیر ہو چکی ہے اب اجازت چاہوں گا السلام علیکم

ج ۔ اچھا بھائی خدا حافظ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

## شعر

خلاف پیمبر قدم جو بھی اٹھائے گا

کوئی منزل نہ دیکھے گا کوئی رستہ نہ پائیگا

Scanned by CamScanner

# معلومات قرآنی

س:۔ السلام علیکم

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔ عزیز ساتھی کیا حال ہے

ج:۔ عزیز بھائی اللہ کے فضل وکرم سے بالکل ٹھیک ہوں

س:۔ آپ کہاں تشریف لے جارہے ہو

ج:۔ عزیز بھائی میں قیام العلوم کے جلسہ میں جارہا ہوں

س:۔ عزیز بھائی آپ یہ بتاؤ کہ اس جلسہ میں کہاں کہاں سے علماء کرام تشریف لائیں گے

ج:۔ عزیز بھائی مختلف جگہ سے علماء دین تشریف لارہے ہیں دیوبند سہارنپور، میرٹھ وغیرہ وغیرہ سے

س:۔ کیا آپ بھی اسی مدرسہ میں پڑھتے ہیں جس میں کہ جلسہ ہورہا ہے

ج:۔ جی ہاں میں بھی اسی مدرسہ کا ایک ادنیٰ سا طالب علم ہوں اور قرآن شریف پڑھتا ہوں

س:۔ اچھا تو قرآنِ کریم ہی سے متعلق بتاؤ پورے قرآن کریم میں حرف الف کتنے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں اڑتالیس ہزار آٹھ سو بہتر الف ہیں (۴۸۸۷۲)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن کریم میں حرف با کتنے ہیں۔

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں گیارہ ہزار چار سو اٹھائیس با ہیں۔ (۱۱۴۲۸)

Scanned by CamScanner

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف تا کتنے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں دس ہزار ایک سو ننانوے تا ہیں۔ (۱۰۱۹۹)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف ثا کتنے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں دس ہزار دو سو ستتر ثا ہیں (۱۰۲۷۷)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف جیم کتنے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں تین ہزار دو سو تہتر جیم ہیں (۳۲۷۳)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف حا کتنے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں تین ہزار نو سو ترانوے حا ہیں (۳۹۹۳)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف خا کتنے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں ایک ہزار چار سو سولہ خا ہیں (۱۴۱۶)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف دال کتنے ہیں

ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں پانچ ہزار چھ سو بیالیس دال ہیں (۵۶۴۲)

س:۔ اچھا بتاؤ پورے قرآن میں حرف ذال کتنے ہیں۔

ج:۔ عزیز بھائی پورے قرآن میں چار ہزار چھ سو ننانوے ذال ہیں (۴۶۹۹)

س:۔ بھائی صاحب آپ تو بہت آگے نکل گئے ہو کتنی اچھی اچھی باتیں بتلائیں۔ سبحان اللہ

ج:۔ بھائی صاحب یہ تو اللہ کا فضل و کرم ہے یہ سب باتیں اسلامی اور دینی مدارس میں معلوم ہوتی ہیں

Scanned by CamScanner

س:۔ تو کیا آپ کے مدرسے میں مجھ جیسے انسان کو بھی داخلہ مل جائے گا (بستان العارفین)

ج:۔ کیوں نہیں آپ ہی کیا ان تمام حضرات میں سے جو چاہے اپنی اولاد کو داخلہ دلوا سکتے ہیں۔

س:۔ اچھا تو ٹھیک انشاء اللہ میں آؤں گا آپ میرا داخلہ کرا دینا۔

ج:۔ اچھا بھائی آپ نہا دھو کر آ جانا۔ انشاء اللہ داخلہ تو ہو ہی جائے گا

س:۔ جی اچھا السلام علیکم

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

## شعر

فلک پر چاند ستارے جتنے ہیں سب جھک کے احترام کرتے ہیں
جلسے میں آئے مہمانوں کو باادب ہم سلام کرتے ہیں

دو جہاں فدا تیرے نام پر    ہے سکوں فضا تیرا نام بھی
تیری ذات پر ہو درود بھی    تیرے نام پر ہو سلام بھی
مجھے اپنی تابشیں کر عطا    ہے تو ہی میرا ماہ تمام بھی
ہے لٹی لٹی میری صبح بھی    ہے بجھی بجھی میرے شام بھی

Scanned by CamScanner

# قرآنی معلومات

س۔ السلام علیکم آیئے آیئے

ج۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س۔ کیا بات ہے بھائی جان بہت خوش ہو

ج۔ الحمدُ للہ بھائی جان اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اسی نے خوشی عطا کی ہے

س۔ بھائی جان ہمیں بھی تو باخبر کرو آخر خوشی کیا ہے

ج۔ سنیئے بھائی صاحب بات یہ ہے کہ امسال ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے میرا قرآن شریف پورا کرایا ہے

س۔ اچھا تو آپ کا قرآن شریف پورا ہوا ہے تو ہمیں بھی کچھ بتاؤ؟

ج۔ انشاءاللہ جو مجھے یاد ہے ضرور بتاؤں گا آپ معلوم کیجئے

س۔ بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف زَ کتنے ہیں

ج۔ بھائی جان پورے قرآن میں گیارہ ہزار سات سو ننانوے زَ ہیں (۱۱۷۹۹)

س۔ اچھا تو بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف ژَ کتنے ہیں

ج۔ بھائی جان پورے قرآن میں ایک ہزار پانچ سو ژَ ہیں (۱۵۰۰)

س۔ اچھا تو بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف سین کتنے ہیں۔

ج۔ بھائی جان پورے قرآن میں پانچ ہزار آٹھ سو اکیانوے سین ہیں (۵۸۹۱)

س۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف شین کتنے ہیں

ج۔ بھائی جان پورے قرآن میں دو ہزار دو سو ترپن شین ہیں (۲۲۵۳)

س۔ اچھا تو بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف صاد کتنے ہیں

Scanned by CamScanner

ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں دو ہزار تیرہ صاد ہیں (۲۰۱۳)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف ضاد کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں ایک ہزار چھ سو سات ضاد ہیں (۱۶۰۷)
س:۔ اچھا تو بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف طا کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں ایک ہزار دو سو چوراسی طا ہیں (۱۲۸۴)
س:۔ اچھا بھائی بتلاؤ کہ پورے قرآن میں حرف ظا کتنے ہیں
ج:۔ بھائی پورے قرآن میں آٹھ سو بیالیس ظا ہیں (۸۴۲)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف عین کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں نو ہزار دو سو بیس عین ہیں (۹۲۲۰)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف غین کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں دو ہزار دو سو آٹھ غین ہیں (۲۲۰۸)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف فا کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں آٹھ ہزار چار سو ننانوے فا ہیں (۸۴۹۹)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف قاف کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں چھ ہزار آٹھ سو تیرہ بڑے قاف ہیں (۶۸۱۳)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف چھوٹے کاف کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں نو ہزار پانچسو چھوٹے کاف ہیں (۹۵۰۰)
س:۔ اچھا بھائی بہت دیر ہوگئی کچھ کام بھی کرنا ہوگا (بستان العارفین)
ج:۔ اچھا بھائی پھر ملاقات ہوگی۔ السلام علیکم

وعلیکم السلام

Scanned by CamScanner

# مکالمہ قرآنی

س:۔السلام علیکم

ج:۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔آپ کا کیا نام ہے

ج:۔اس ناکارہ کو عبدالکریم کہتے ہیں

س:۔آپ کام کیا کرتے ہیں

ج:۔میں اپنے مدرسے میں تعلیم حاصل کرتا ہوں

س:۔اچھا اگر آپ پڑھتے ہیں تو بتلایئے کہ پورے قرآن میں حرف لآم کتنے ہیں

ج:۔بھائی جان پورے قرآن میں تین ہزار چار سو تیئیس لآم ہیں (۳۴۲۳)

س:۔اچھا تو بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف میم کتنے ہیں

ج:۔بھائی جان پورے قرآن میں چھبیس ہزار ایک سو پینتیس میم ہیں (۲۶۱۳۵)

س:۔اچھا تو بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف نون کتنے ہیں

ج:۔بھائی جان پورے قرآن میں چھبیس ہزار پانچسو ساٹھ نون ہیں (۲۶۵۶۰)

س:۔اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف واؤ کتنے ہیں

ج:۔بھائی جان پورے قرآن میں پچیس ہزار پانچسو چھتیس واؤ ہیں (۲۵۵۳۶)

س:۔اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف گول ہا کتنی ہیں

---

اپنا نام (مولف)

Scanned by CamScanner

ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں انیس ہزار پانچسو ستر گول ہا ہیں (۱۹۵۷۰)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف لام الف اور حرف ہمزہ کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں چار ہزار سات سو بیس (۴۷۲۰) لام الف[1]
اور چار ہزار ایک سو پندرہ ہمزہ[2] ہیں (۴۱۱۵)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں حرف یا کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں پچیس ہزار نو سو انیس یا ہیں (۲۵۹۱۹)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں نقطے کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں ایک لاکھ پانچ ہزار چھ سو چوراسی نقطے ہیں۔
(۱۰۵۶۸۴)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں تمام حروف کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں تین لاکھ بائیس ہزار چھ سو حروف ہیں (۳۲۲۶۰۰)
س:۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں زبر کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں ترپن ہزار دو سو تینتالیس زبر ہیں (۵۳۲۴۳)
س:۔ اچھا بتلاؤ کہ پورے قرآن میں زیر کتنے ہیں
ج:۔ پورے قرآن میں انتالیس ہزار پانچسو بیاسی زیر ہیں (۳۹۵۸۲)
س:۔ اچھا بتلاؤ کہ پورے قرآن میں پیش کتنے ہیں
ج:۔ بھائی جان پورے قرآن میں آٹھ ہزار آٹھ سو چار پیش ہیں (۸۸۰۴)

---

۱۔ عالمی تاریخ ۲۔ بستان العارفین

ں۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں مد کتنے ہیں

ج۔ بھائی جان پورے قرآن میں ایک ہزار سات سو ایکہتر مد ہیں (۱۷۷۱)

ں۔ اچھا بتاؤ کہ پورے قرآن میں تشدید کتنی ہیں۔

(ایک عالمی تاریخ)

ج۔ بھائی جان پورے قرآن میں ایک ہزار دو سو ترپن تشدید ہیں (۱۲۵۳)

ں۔ اچھا بھائی۔ بھائی بہت ہی عمدہ عمدہ باتیں بتلائیں۔ انشاء اللہ پھر کبھی
قات ہوگی۔

ج۔ اچھا بھائی چلو السلام علیکم۔ وعلیکم السلام

# فضائل سورہ فاتحہ

ں۔ السلام علیکم

ج۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ں۔ میرے دوست بہت مسرور نظر آرہے ہو اس کی وجہ کیا ہے

ج۔ میرے جگری دوست میرا قرآن پورا ہوا ہے اس لئے دل کو بیحد خوشی ہے

ں۔ تو آپ ہمیں کچھ بتلائیں گے

ج۔ بھائی صاحب جو مجھے مدارس سے ملا یا استاد کی خدمت کے ذریعہ اللہ نے
بت کیا ضرور بتاؤں گا



Scanned by CamScanner

س۔ اچھا بھائی یہ بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے کل کتابیں کس قدر نازل فرمائیں
ج:۔ بھائی صاحب یہی سوال حضرت ابوذر غفاریؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہٗ نے سو ۱۰۰ صحائف اور چار کتابیں نازل فرمائیں پچاس ۵۰ صحیفے حضرت شیثؑ پر اور تیس ۳۰ صحیفے حضرت ادریسؑ پر اور دس ۱۰ صحیفے حضرت ابراہیمؑ پر اور دس ۱۰ صحیفے حضرت موسیٰ پر تورات سے پہلے اور ان کے علاوہ چار کتابیں نازل فرمائی ہیں تورات، انجیل، زبور، اور قرآن شریف۔
س:۔ اچھا بتاؤ کہ حضرت ابراہیم کے صحیفوں میں کیا لکھا ہوا تھا
ج:۔ بھائی صاحب وہ سب ضرب الامثلیں تھیں مثلاً او متسلط و مغرور بادشاہ میں نے تجھے اس لئے نہیں بھیجا تھا کہ پیسہ پر پیسہ جمع کرتا رہے میں نے تجھے اسلئے بھیجا تھا کہ مجھ تک مظلوم کی فریاد نہ پہنچنے دے تو پہلے ہی اس کا انتظام کر دے اس لئے کہ میں مظلوم کی فریاد کو رد نہیں کرتا اگر چہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو اسی۔ لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ کہ مظلوم کی بد عا سے بچنا اس لئے کہ اس کے اور اللہ جل شانہٗ درمیان میں حجاب اور واسطہ نہیں۔
س:۔ اچھا بتاؤ کہ حضرت موسیٰ کے صحیفوں میں کیا چیز تھی
ج:۔ بھائی صاحب سب عبرتکی باتیں تھیں مثلاً میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر کہ جس کو موت کا یقین ہو، پھر کسی بات پر خوش ہو میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر کہ

Scanned by CamScanner

جس کو حساب کا یقین ہو پھر نیک اعمال نہیں کرتا، میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر کہ جسکو تقدیر کا یقین ہو، پھر رنج و مشقت میں مبتلا، ہوتا ہو میں تعجب کرہوں اس شخص پر کہ جو دنیا کے حوادث، تغیرات، انقلابات ہر وقت دیکھتا ہے پھر دنیا پر اطمینان کر لیتا ہے وغیرہ وغیرہ

س:۔ اچھا سورہ فاتحہ کے مختصر سے فضائل بتاؤ؟

ج:۔ بھائی صاحب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ الحمد کی سات آیتیں ہیں یہ سبع مثانی ہیں اور قرآن عظیم۔ بعض صوفیاء سے منقول ہے جو کچھ پہلی کتابوں میں تھا وہ سب کلام پاک میں آ گیا اور جو کلام پاک میں ہے وہ سب سورہ فاتحہ میں آ گیا اور جو کچھ سورہ فاتحہ میں ہے وہ بسم اللہ میں آ گیا اور جو کچھ بسم اللہ میں ہے وہ اسکی ب میں آ گیا حضرت حسن بصریؒ حضورؐ سے نقل کرتے ہیں کہ جس نے سورہ فاتحہ کو پڑھا اس نے گویا توراۃ، انجیل، زبور، اور پورا قرآن شریف کو پڑھا۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ شیطان کو اپنے نوحہ (یعنی رونا چلانا) اور زاری اور سر پر خاک یعنی مٹی ڈالنے کی چار مرتبہ نوبت آئی اول جبکہ اس پر لعنت ہوئی دوسرے جبکہ اس کو آسمان سے زمین پر ڈالا گیا تیسرے جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت ملی اور چوتھے جبکہ سورہ فاتحہ نازل ہوئی (فضائل قرآن)

س:۔ اچھا بھائی پھر ملاقات ہوگی

ج:۔ اچھا بھائی السلام علیکم

Scanned by CamScanner

# ایک انوکھی بات

س:۔السلام علیکم

ج۔وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔کیا حال ہے بھائی صاحب

ج:۔اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ بالکل ٹھیک ہوں

س:۔بھائی صاحب ایک بات معلوم کرنی تھی کیا آپ بتائیں گے

ج:۔دیکھئے بھائی جو حضرت استاد کی خدمت سے مجھے ملا ہے اگر آپ نے کوئی ایسی بات معلوم کی تو انشاءاللہ ضرور بتاؤں گا

س:۔اچھا بھائی صاحب یہ بتاؤ کہ انسان تو حضرت آدم وحواؑ سے پیدا ہوئے مگر شیطان کیسے پیدا ہوئے اور شیطان کتنے ہیں

ج:۔بھائی صاحب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے ابلیس پر لعنت کی تو حضرت آدمؑ کی طرح اسکی بائیں پسلی سے بھی ایک عورت پیدا کی پھر شیطان نے اس سے جماع کیا وہ حاملہ ہوئی اور اس نے اکتیس ۳۱ انڈے دیئے پھر ہر ایک انڈے سے دس ہزار نر و مادہ شیطان پیدا ہوئے جو پہاڑوں، جزیروں، ویرانوں اور جنگلوں میں دریاؤں میں اور درختوں کے تنوں میں بھر گئے کوئی چشمہ اور کوئی دوراہا یا چوراہا حتیٰ کے حمام بھی ان سے محفوظ نہ رہا۔

س:۔ایک بات اور بتاؤ کہ سورۂ نحل کہاں نازل ہوئی اس سورۃ کے رکوع آیات

Scanned by CamScanner

کلمات اور حروف کتنے ہیں

ج:۔ بھائی صاحب سورۂ نحل مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی آخری تین آیات مدینے میں نازل ہوئیں اور اس سورۃ میں ایک سو اٹھائیس ۱۲۸۔ آیات سولہ رکوع ایک ہزار آٹھ سو اکتالیس ۱۸۴۱ کلمے سات ہزار سات سو نو حروف ہیں۔ (۷۷۰۹)

س:۔ اچھا بتاؤ کہ سورۃ نمل میں کتنی آیات ہیں اور کتنے کلمے ہیں اور کتنے حروف ہیں۔

ج:۔ بھائی صاحب سورۂ نمل میں صرف ترانوے ۹۳ آیات ہیں ایک ہزار ایک سو انچاس ۱۱۴۹ کلمے ہیں اور چار ہزار سات سو ننانوے حروف ہیں ۴۷۹۹ (غنیۃ الطالبین)

# امام اعظمؒ

س:۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ج:۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س:۔ مزاج گرامی

ج:۔ اَلحَمدُ لِلّٰہ اللہ کا کرم ہے

س:۔ کیا آپ امام اعظمؒ کو جانتے ہیں

ج:۔ جی ہاں امام اعظم ہمارے امام ہیں آپ کا اسم شریف نعمان اور کنیت ابو حنیفہ اور لقب امام اعظم ہے

س:۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ امام اعظم کس کی اولاد سے ہیں

ج:۔ عزیز بھائی نوشیرواں جو ملک فارس کا بادشاہ تھا آپ اس کی اولاد میں سے ہیں

س:۔ آپ نے امام اعظم کے والد ماجد کا نام نہیں بتایا

Scanned by CamScanner

ج ۔آپ نے پوچھا ہی کب تھا آپ یعنی امام اعظم کے والد ماجد کا نام ثابت تھا۔

س ۔اچھا بتاؤ کہ امام اعظم کب پیدا ہوئے

ج ۔حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے ستر ۷۰ برس بعد آپ پیدا ہوئے یہ وہ زمانہ تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہؓ اس وقت موجود تھے اس لئے آپ کو تابعی ہونے کی بزرگی بھی حاصل ہے

س ۔عزیز بھائی ہمارے امام سب سے بڑے امام ہیں تو ان کے استاد بھی بہت زیادہ ہوں گے

ج ۔جی ہاں آپ نے قرآن مجید سات قرأتوں میں پڑھا اور ایک دو عالم سے نہیں بلکہ چار ہزار عالموں سے قرآن وحدیث کا علم پڑھا

س ۔اچھا یہ بتاؤ کہ ہمارے امام کو امام اعظم کیوں کہتے ہیں اور کب سے کہتے ہیں

ج ۔ہمارے امام کو امام اعظم اس لئے کہتے ہیں کہ آپ سب سے بڑے امام ہیں اعظم بڑے کو کہا جاتا ہے ایک مرتبہ آپؒ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ انور پر حاضر ہوئے اور بلند آواز سے فرمایا اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُمْ یَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ اسی وقت روضۂ انور سے جواب آیا۔ وعلیکم السلام یا امام المسلمین یہ جواب ایک دو آدمیوں نے نہیں سنا بلکہ اس وقت ہزاروں آدمی وہاں موجود تھے سب نے سنا اس وقت سے آپ کو امام اعظم کہنے لگے

س ۔اچھا یہ اور بتاؤ کہ ہمارے امام کی عمر کتنی ہوئی اور کب انتقال ہوا

---

۱۔ سنہ ۸۰ ہجری میں آپ پیدا ہوئے

Scanned by CamScanner

ج:۔ آپ کی عمر شریف ستر ۷۰ سال ہوئی تھی کہ آپ نے ۱۵۰ھ میں وفات پائی
س:۔ پھر تو آپ کے جنازہ کی نماز بھی بہت سے آدمیوں نے پڑھی ہوگی
ج:۔ آپ کی وفات کی خبر سن کر لوگ اس قدر جمع ہوئے کہ پانچ مرتبہ آپ کے جنازہ پر نماز پڑھی گئی الحاصل پچاس ہزار آدمیوں نے آپ کے جنازہ کی نماز پڑھی (باغ جنت)

# نعت شریف

وہی کر رہے ہیں ثنائے محمدؐ
کہ جو ہو گئے آشنائے محمدؐ

مدینے سے ایسی عقیدت ہے مجھ کو
چلا آؤں گا بن بلائے محمدؐ

مٹائے گا کیا اس کو طوفان باطل
وہ بستی کہ جس کو بسائے محمدؐ

یہ شان آپ کی بہر دیدار مولیٰ
کہ عرش بریں پر بلائے محمدؐ

میری سونی آنکھو کا سرمہ بنے گی
اگر مل گئی خاکپائے محمدؐ

ادھر بھی شعاعیں ہوں نور کرم کی
کہ حسرت بھی ہے اک گدائے محمدؐ

(عن: ایم ہارون حسرت دیوبندی)

Scanned by CamScanner